**Pfizer کا سوالنامہ**
**رازداری کا بیان**

اس رازداری کے بیان کا تعلق ایک سوالنامہ ("**سوالنامہ**") سے ہے جسے کمپنی، ادارہ یا اس فرد ("**درخواست دہندہ**") کے ذریعہ یا اس کی جانب سے مکمل کیا جاتا ہے جو یا جو کہ Pfizer کے ساتھ شمولیت کا معاہدہ کرنے کی تجویز کر رہا ہے اور/یا Pfizer سے فنڈنگ یا دیگر تعاون موصول کرتا ہے۔ اگر آپ کو سوالات درپیش ہیں تو براہ کرم ذیل میں "ہم سے رابطہ کریں" والے سیکشن میں فراہم کردہ رابطے کی معلومات استعمال کریں۔

**معلومات اکٹھا کرنا اور استعمال کرنا**

براہ کرم نوٹ کر لیں کہ سوالنامہ میں ہم ذاتی معلومات طلب کرتے ہیں۔ جو معلومات ہم طلب کرتے ہیں اور سوالنامہ کے جواب میں آپ فراہم کرتے ہیں اس میں قابل شناخت افراد سے متعلق معلومات جیسے کہ نام، رابطے کی معلومات، بینکنگ کی معلومات، کاروبار/تنظیم کی تفصیلات، مجرمانہ تفتیشات اور سرکاری عہدیداروں کے ساتھ وابستگیاں شامل ہو سکتی ہیں۔ قانونی تقاضوں کی تعمیل کرنے کے لیے، بشمول کاروبار حاصل کرنے یا برقرار رکھنے کے مقصد سے سرکاری عہدیداروں کو بدعنوانی والی ادائیگیوں کو ممنوع قرار دینے کے لیے Pfizer کے ذریعہ شخصی معلومات پر عمل درآمد کیا جائے گا۔

متعلقہ قوانین کے تحت آپ جن افراد کی شخصی معلومات فراہم کرتے ہیں ان کو نوٹس فراہم کرنے اور ان کی شخصی معلومات کی جمع آوری، استعمال اور افشا کے لیے ان کی رضامندی حاصل کرنے کے آپ پابند ہو سکتے ہیں۔ اس سوالنامہ کی معرفت شخصی معلومات فراہم کر کے، آپ اس امر کی نمائندگی کرتے ہیں کہ آپ نے کوئی بھی قابل اطلاق نوٹسز فراہم کر دیے ہیں اور کوئی بھی مطلوبہ منظوریاں حاصل کر لی ہیں۔

Pfizer آپ کے ذریعہ جمع کردہ مخصوص سوالنامہ کے علاوہ دیگر ذرائع سے بھی معلومات اکٹھا کر سکتا ہے۔ یہ معلومات Pfizer کے موجودہ ریکارڈز سے اور/یا فریق ثالث کے ذرائع جیسے کہ عوامی طور پر قابل رسائی معلومات بروئے کار لانے والے ڈیٹابیسز سے اور کبھی کبھار ہماری جانب سے معلومات اکٹھا کرنے والے نجی اداروں سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

سوالنامہ کے ذریعہ اکٹھا کردہ یا اس کے ساتھ وابستہ معلومات ("**معلومات**") کا تجزیہ بدعنوانی مخالف قوانین کے ساتھ وابستہ خطرات کی قدر پیمائی کے لیے کیا جا سکتا ہے اور پس منظر کی جانچیں انجام دینے کے لیے انہیں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ سوالنامہ مکمل کرنا رضاکارانہ ہے۔ تاہم، اگر درخواست دہندہ سوالنامہ مکمل کرنے میں ناکام رہتا ہے یا تمام مطلوبہ معلومات فراہم کرنے سے قاصر ہے تو Pfizer کو درخواست دہندہ کے ساتھ کاروبار کرنے سے یا متعلقہ فنڈنگ یا تعاون فراہم کرنے سے منع کیا جا سکتا ہے۔

**معلومات کا افشا اور سرحد پار منتقلیاں**

سوالنامہ کے مقاصد کے مدنظر شخصی معلومات پر عمل درآمد کرنے کا ذمہ دار ادارہ Pfizer کا وہ ادارہ ہے جو درخواست دہندہ کے ساتھ مشغول ہونے یا اسے فنڈنگ یا دیگر تعاون فراہم کرنے کی تجویز پیش کر رہا ہے۔ وہ ادارہ ایک امریکی کارپوریشن، Pfizer, Inc. کو معلومات فراہم کرے گا جو خود اپنی تعمیل کے مقاصد کے مدنظر معلومات کو ریاستہائے متحدہ میں رکھے گا۔ اس سوالنامہ سے ماخوذ کچھ معلومات دنیا بھر میں Pfizer گروپ کے تمام اداروں کو دستیاب کرائی جا سکتی ہیں تاکہ اگر وہ آئندہ درخواست دہندہ کے ساتھ مشغول ہونے کی تجویز پیش کریں تو انہیں معلوم رہے کہ سوالنامہ مکمل کر لیا گیا ہے۔ Pfizer کے اداروں اور ان کے متعلقہ مقامات کی ایک فہرست https://selfservehosteu.pfizer.com/legal-entities پر دستیاب ہے۔ کچھ حالات میں Pfizer کے الحاق یافتگان کو اکٹھا کردہ پوری معلومات تک رسائی دی جا سکتی ہے۔ کچھ معاملوں میں، فریق ثالث سپلائر کو معلومات تک رسائی حاصل ہوتی ہے تاکہ وہ رازداری اور سیکیوریٹی کی سخت پابندیوں کے تحت، Pfizer گروپ کے دوسرے رکن، جیسے کہ خدمت فراہم کنندہ کی جانب سے اس پر کارروائی کر سکے۔ اگر تعمیل کی کسی امکانی تشویش کی نشاندہی ہوتی ہے تو Pfizer کے ذریعہ ان معلومات کو مزید زیر غور لایا جا سکتا ہے اور/یا Pfizer کے بیرونی قانونی صلاحکار کے سامنے ان کا افشا کیا جا سکتا ہے اور/یا امریکہ یا دیگر ممالک کے وفاقی، ریاستی، ملکی یا مقامی ریگیولیٹری اتھارٹیز کے سامنے ان کا افشا کیا جا سکتا ہے۔

جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا، شخصی معلومات کو ریاستہائے متحدہ یا دیگر ایسے ممالک میں منتقل کیا جا سکتا ہے جہاں رازداری کے مختلف قوانین ہو سکتے ہیں۔ یورپین اکنامک ایریا (EEA) کے سلسلے میں، ہم نے شخصی معلومات کے تحفظ

کے لیے معقول اقدامات، جیسے کہ یورپین کمیشن کے اختیار کردہ معیاری معاہدہ جاتی شرائط نافذ کر رکھی ہیں۔ افراد ان اقدامات کی ایک نقل https://ec.europa.eu/info/law/law-topic/data-protection/data-transfers-outside-eu/model-contracts-transfer-personal-data-third-countries_en سے حاصل کر سکتے ہیں۔

**انفرادی حقوق**

جس کسی فرد کی شخصی معلومات سوالنامہ کے جوابات میں شامل ہیں وہ اگر ذاتی معلومات کو دیکھنا، ان میں تصحیح کرنا، انہیں اپ ڈیٹ کرنا، انہیں دبانا، محدود یا حذف کرنا چاہے یا شخصی معلومات کو منتقل کرنے کی درخواست کرنا چاہے (اس حد تک کہ ڈیٹا کی انتقال پذیری کا یہ حق قابل اطلاق قانون کے ذریعہ فراہم کیا گیا ہو) تو اس فرد کو Procurement-GDPR-Team@pfizer.com پر رابطہ کرنا چاہیے۔ درخواست پر عمل کرنے سے پہلے ہمیں اس فرد کی شناخت کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ معقول طور پر جتنی جلدی قابل عمل ہوگا ہم اس درخواست کی تعمیل کرنے کی کوشش کریں گے۔

EEA کے لیے اضافی معلومات: (i) آپ متعلقہ ملک یا علاقہ کی ڈیٹا پروٹیکشن اتھارٹی کے ساتھ یا جس ملک میں قابل اطلاق ڈیٹا کے تحفظ کے قانون کی مبینہ خلاف ورزی ہوئی ہے وہاں پر شکایت درج کروا سکتے ہیں (http://ec.europa.eu/newsroom/article29/item-detail.cfm?item_id=612080 پر دیکھیں) اور/یا (ii Pfizer) کے ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر سے رابطہ کریں، جن کے رابطے کی تفصیلات dpo.pfizer.com پر دستیاب ہیں۔

**معلومات کو برقرار رکھنا**

معلومات کو قابل اطلاق قانون کے ذریعہ اجازت یافتہ یا مطلوبہ مدت تک برقرار رکھا جائے گا۔ برقراریت کی ہماری مدت کا تعین کرنے کے لیے درج ذیل کسوٹی استعمال کی جاتی ہے: *(i)* وقت کی وہ مدت جس میں ہم درخواست دہندہ کے ساتھ تعلق برقرار رکھتے ہیں؛ *(ii)* وہ قانونی پابندیاں جن کے ہم مستوجب ہیں؛ اور *(*iii*)* جیسا کہ ہمارے قانونی مرتبے کی روشنی میں بتایا گیا ہے (جیسے کہ تحدیدات، قانونی چارہ جوئی یا انضباطی تفتیشات کی قابل اطلاق حیثیتوں کے سلسلے میں)۔

**ہم سے رابطہ کریں**

اگر اس رازداری کے بیان یا Pfizer جس طریقے سے شخصی معلومات کو اکٹھا کرتا اور ان کا استعمال کرتا ہے، کے سلسلے میں آپ کو کوئی سوالات درپیش یا تشویشات لاحق ہوں یا منتقلیوں کے لیے ہم نے جو معقول اقدامات نافذ کر رکھے ہیں ان کے بارے میں اگر آپ معلومات حاصل کرنا چاہیں تو براہ کرم ہم سے DataProtectionUK@Pfizer.com پر رابطہ کریں یا **درج ذیل پتے پر ہمیں لکھیں**: Pfizer Limited, IPC 1-1, Walton Oaks, Dorking Road, Tadworth, Surrey KT20 7NS.

چونکہ ای میل مواصلات ہمیشہ محفوظ نہیں ہوتی ہیں لہذا ہمارے نام اپنے ای میلز میں حساس معلومات شامل نہ کریں۔